**Pakistan Tehreek-e-Insaf**
Central Media Department

# الیکشن کمیشن آف پاکستان کی جانب سے حلقہ بندیوں کے شیڈول کے اعلان کا معاملہ

## پاکستان تحریک انصاف نے الیکشن کمیشن کا جاری کردہ شیڈول مکمل طور پر مسترد کردیا

## مشترکہ مفادات کونسل کے فیصلوں کو کل سپریم کورٹ آف پاکستان کے روبرو چیلنج کرنے کا اعلان

17 اگست 2023

- الیکشن کمیشن کا جاری کردہ حلقہ بندیوں کا شیڈول بدنیتی پر مبنی اور آئین سے کھلا انحراف ہے۔
- قومی اسمبلی کی قبل از وقت تحلیل کی صورت میں آئین دوٹوک انداز میں الیکشن کمیشن کو نوے روز کے اندر انتخابات کے انعقاد کا پابند بناتا ہے۔
- الیکشن کمیشن کا شیڈول نگران حکومت کو دستور کی منشا کے خلاف طول دینے کی مجرمانہ کوشش ہے۔
- پنجاب اور خیبر پختونخوا میں انتخابات کے انعقاد پر سپریم کورٹ کی حکم عدولی اور آئین شکنی کے بعد الیکشن کمیشن ایک مرتبہ پھر آئین پامال کرنے کی کوششوں میں مصروف ہے۔
- مشترکہ مفادات کونسل کے فیصلے کی روشنی میں نئی حلقہ بندیوں کو انتخابات سے فرار کے جواز کے طور پر استعمال نہیں کیا جاسکتا۔
- وزیراعظم کے علاوہ چاروں منتخب صوبائی وزرائے اعلیٰ بھی مشترکہ مفادات کونسل کا حصہ ہوتے ہیں۔
- مشترکہ مفادات کونسل کے اجلاس میں پنجاب اور خیبر پختونخوا کے غیر قانونی نگران وزرائے اعلیٰ کو فیصلہ سازی کا حصہ بنا کر بڑی بے ضابطگی کا ارتکاب کیا گیا۔

Plot # 1-A, Street # 32, Sector G-8/4, Islamabad, Pakistan
Tel: +92 51 2610046, +92 51 26102047, Website: www.insaf.pk

- تحریک انصاف کی مقبولیت اور انتخابات میں بدترین شکست کے امکانات کے پیشِ نظر عوام کو آئین کے مطابق ووٹ کے حق سے محروم کرنے کی سازشوں کا ڈٹ کر مقابلہ کریں گے۔
- الیکشن کمیشن آف پاکستان کے آئین سے متصادم شیڈول کو عدالتِ عظمیٰ کے روبرو چیلنج کیا جائے گا۔

---ترجمان پاکستان تحریک انصاف

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ